

# ابتدائی سالوں کی تعلیم اور نگہداشت
# طفل کا استحقاق

Warwickshire County Council

# مشمولات:


| | |
|---|---|
| اہل کام کاجی خاندانوں کے لیے نگہداشت طفل کے 30 گھنٹے | 1 |
| اہل خاندانوں کے لیے HEIP2 چائلڈ کیئر فنڈنگ جو تعاون کی دوسری شکلیں موصول کر رہے ہیں | 4 |
| سبھی فیملیوں کے لیے یونیورسل کے تحت نگہداشت طفل کے 15 گھنٹے | 6 |
| اضافی استحقاقات | 8 |
| اکثر پوچھے گئے سوالات | 10 |
| رابطے اور مزید معلومات | 12 |
| بچوں کا نگراں بننا | 13 |




## کام کاجی خاندانوں کے لیے نگہداشت طفل کے 30 گھنٹے



### 9 ماہ سے 4 سال تک کی عمر کے بچوں کے لیے

- ہفتہ میں 30 گھنٹوں تک
- سال میں 38 گھنٹے

## ستمبر 2025 سے کام کاجی خاندانوں کو 30 گھنٹوں کا حق حاصل ہو سکتا ہے، اگر آپ:

- والدین پر مشتمل ایک ایسی فیملی ہیں جن میں دونوں کام کرتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کی کمائی فی ہفتہ ان 16 گھنٹوں کے برابر ہے جس کی ادائیگی قومی کم از کم اجرت کی شرح سے یا لیونگ ویج کی اجرت کے لحاظ سے ادا کی جاتی ہے
- ہر ایک کی سالانہ کمائی £100,000 ہے

یا

- والد یا والدہ جو کام کرتے/کرتی ہیں اور فی ہفتہ 16 گھنٹوں کے مساوی کماتے/کماتی ہیں جس کی ادائیگی قومی کم از کم اجرت کی شرح سے یا لیونگ ویج کے لحاظ سے ادا کی جاتی ہے
- سالانہ کمائی £100,000 سے کم ہے

## امیگریشن کی حالت:

فنڈ کردہ نگہداشت طفل (چائلڈ کیئر) کا اہل ہونے کے لیے، آپ کے پاس لازماً ایک نیشنل انشورنس نمبر اور مندرجہ ذیل میں سے کم از کم کوئی ایک چیز ہونی چاہیے:

- برطانیہ یا آئرلینڈ کی شہریت
- سیٹلڈ یا پری-سیٹلڈ اسٹیٹس، یا آپ نے درخواست دے رکھی ہو اور کسی فیصلے کا انتظار کر رہے /رہی ہوں۔
- پبلک فنڈز تک رسائی کے لیے اجازت نامہ، جیسا کہ آپ کے یوکے ریزیڈنس کارڈ (UK Residence Card) پر درج ہے۔

اگر آپ کا /کی کوئی پارٹنر ہے تو اُن کے پاس بھی لازمی طور پر کوئی نیشنل انشورنس نمبر ہونا چاہیے۔

## استحقاق:

کام کاجی والدین کے لیے فنڈ کردہ استحقاق (Working Parent funded entitlement) سال کے کم از کم 38 ہفتوں پر محیط فی سال زیادہ سے زیادہ 1140 گھنٹے ہیں، جو کہ فی ہفتہ 30 گھنٹوں کے مساوی ہے۔ اس استحقاق کو فی ہفتہ کچھ گھنٹہ کم لے کر 38 ہفتوں سے زیادہ مدت تک سال کے زیادہ ہفتوں کے دوران وسیع کیا جا سکتا ہے۔ اس بابت زیادہ معلومات کے لیے کہ وہ کس طرح مالی تعاون کے حقوق کی پیشکش کرتے ہیں براہ کرم اپنے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ (Early Years Provider) سے رابطہ کریں۔

## میرا بچہ کب اہل ہوگا؟

بچے عام طور پر ان کے 9 ماہ کی عمر ہونے کے بعد اسکول ٹرم کی شروعات سے فنڈ کردہ استحقاق کی کوئی نشست حاصل کرتے ہیں۔

| مندرجہ ذیل مدت کے درمیان 9 ماہ کی عمر کو پہنچنے والے بچے | فنڈ کردہ نشستیں مندرجہ ذیل تاریخوں سے شروع ہوتی ہیں |
| --- | --- |
| 1 جنوری اور 31 مارچ | 9 ماہ کی عمر ہونے کی تاریخ کے بعد گرمی کی ٹرم (Summer Term) کی شروعات (اپریل کی پہلی تاریخ کو یا اس کے بعد) |
| 1 اپریل اور 31 اگست | 9 ماہ کی عمر ہونے کی تاریخ کے بعد خزاں کی ٹرم (Autumn Term) کی شروعات (ستمبر کی پہلی تاریخ کو یا اس کے بعد) |
| 1 ستمبر اور 31 دسمبر | 9 ماہ کی عمر ہونے کی تاریخ کے بعد بَہار کی ٹرم (Spring Term) کی شروعات (جنوری کی پہلی تاریخ کو یا اس کے بعد) |

HMRC کی طرف سے جاری کردہ کوئی درست اہلیتی کوڈ ضروری ہوگا۔



## درخواست دینے کا طریقہ:

کام کاجی والدین کے لیے اپنی اہلیت کی درخواست HMRC کی معرفت www.beststartinlife.gov.uk پر آن لائن جمع کرانا لازمی ہوگا

یا QR کوڈ کا استعمال کرتے ہوئے:

- **قبل اس کے کہ آپ نشست کے شروع ہونے کی خواہش کریں آپ کو لازمی طور پر ٹرم کی درخواست دینی چاہیے**
- اگر آپ کی درخواست منظور ہوتی ہے تو HMRC آپ کو آپ کے محفوظ اکاؤنٹ کی معرفت ایک اہلیتی کوڈ جاری کرے گا جسے آپ کو لازمی طور پر اپنے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ (Early Years Provider) کو دینا ہوگا۔
- آپ کا ابتدائی سالوں کا فراہم کنندہ آپ کے کوڈ کی درستگی کی جانچ کرے گا۔ جس کے بعد آپ آنے والی ٹرم کے لیے اپنی نشست محفوظ کرا سکیں گے۔ اہلیتی کوڈ میں لازمی طور پر درج ذیل تاریخوں میں یا اس سے پہلے مؤثر ہونے کی شروعاتی تاریخ درج ہونی چاہیے:
  - خزاں کی ٹرم: مؤثر ہونے کی کوئی شروعاتی تاریخ 31 اگست کو یا اس سے پہلے
  - بَہار کی ٹرم: مؤثر ہونے کی کوئی شروعاتی تاریخ 31 دسمبر کو یا اس سے پہلے
  - گرمی کی ٹرم: مؤثر ہونے کی کوئی شروعاتی تاریخ 31 مارچ کو یا اس سے پہلے
- آپ کو لازمی طور پر اپنی اہلیت ہر 3 ماہ پر اپنے محفوظ اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے دوبارہ کنفرم کرنا چاہیے۔ حتمی تاریخ سے 4 ہفتے قبل HMRC کے ذریعہ آپ کو یاد دہانی کرائی جائے گی۔

## کام کاجی پیرنٹ کا دعوی میں کس طرح پیش کروں ؟

ابتدائی سالوں کے استحقاق کا فنڈ (Early Years Entitlement) راست ابتدائی سالوں کے اس فراہم کنندہ کو ادا کیا جاتا ہے جس کے یہاں آپ کا بچہ جاتا ہے۔ آپ کے ان کے یہاں کوئی پیرنٹ/ کیئرر/گارجین ڈکلیریشن فارم (Parent/Carer/Guardian Declaration Form) (PDF) پُر کرنے کے بعد وہ آپ کی طرف سے فنڈ کا دعوی پیش کریں گے۔


## حقوق کو ضم کرنا:

تیسرے برتھ ڈے کے بعد والی ٹرم سے سبھی بچے یونیورسل کے تحت 15 گھنٹوں کا استحقاق حاصل کرنے کے قابل ہوتے ہیں (صفحہ 6 ملاحظہ کریں)۔ اگر آپ کے پاس کوئی درست کام کاجی پیرنٹ کی اہلیت کا کوڈ بھی ہے تو آپ کا بچہ کام کاجی پیرنٹ کے استحقاق کے تحت 15 گھنٹوں کے ساتھ ساتھ یونیورسل استحقاق کے تحت 15 گھنٹے حاصل کرنے کے قابل ہوگا تاکہ مجموعی استحقاق کے زیادہ سے زیادہ 30 گھنٹے ہو جائیں۔





# ایسے اہل خاندانوں کے لیے 2HELP چائلڈ کیئر فنڈنگ جو معاونت کی اضافی صورتیں موصول کر رہے ہیں



2 سال کی عمر کے بچوں کے لیے

- فی ہفتہ 15 گھنٹوں تک
- فی سال 38 ہفتے

## آپ اپنے دو سالہ بچے کے لیے ان کے تیسرے برتھ ڈے کے بعد سے 2HELP کی طرف سے فنڈ کردہ چائلڈ کیئر کی نشست حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے/سکتی ہیں، اگر آپ کو درج ذیل موصول ہو رہا ہے۔

- انکم سپورٹ
- آمدنی پر مبنی ملازمت تلاش کرنے والوں کا الاؤنس (Job Seekers Allowance)
- آمدنی سے وابستہ ملازمت اور معاونت کا الاؤنس (Employment and Support Allowance)
- پنشن کریڈٹ (Pension Credit) کا ضمانتی عنصر
- یونیورسل کریڈٹ (Universal Credit) اگر آپ کے گھرانے کی آمدنی سال میں ٹیکس کے بعد £15,400 ہے یا
- بچے کی دیکھ بھال مقامی اتھارٹی کے ذریعہ کی جا رہی ہے
- بچے نے خصوصی سرپرستی یا ایڈاپشن یا بچے کے انتظامات کے آرڈر کے تحت کیئر چھوڑ دیا ہو
- بچے کے پاس خصوصی تعلیمی ضرورت (Special Educational Need) کا ایک حالیہ بیان، یا تعلیم، صحت اور نگہداشت کا کوئی منصوبہ ہو
- بچہ معذوری کے ساتھ زندگی بسر کرنے کے الاؤنس (Disability Living Allowance) کے لیے اہل قرار پاتا ہے یا

اگر آپ کا امیگریشن اسٹیٹس یہ بتاتا ہے کہ آپ کو 'عوامی فنڈ حاصل کرنے کا کوئی حق (no recourse to public funds)' حاصل نہیں ہے تو آپ اپنے دو سالہ بچے کے لیے ان کے دوسرے برتھ ڈے کے بعد والی ٹرم سے 2Help کے ذریعہ فنڈ کردہ چائلڈ کیئر کی کوئی نشست حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے/سکتی ہیں، اگر آپ:

- انگلینڈ میں رہتے/رہتی ہیں اور آپ کی سالانہ گھریلو آمدنی مندرجہ ذیل رقوم سے زیادہ نہیں ہے:
  - £26,500 ایسے خاندانوں کے لیے جو لندن سے باہر ہیں اور ان کے پاس ایک ہی بچہ ہے
  - £30,600 ایسے خاندانوں کے لیے جو لندن سے باہر ہیں اور ان کے پاس دو یا اس سے زیادہ بچے ہیں
- ان کے پاس بچتوں یا سرمایہ کاریوں میں £16,000 سے زیادہ رقم نہیں ہے

## استحقاق

2Help کے ذریعہ فنڈ کردہ استحقاق فی سال زیادہ سے زیادہ 570 گھنٹے ہیں جو کہ سال کے کم از کم 38 گھنٹوں کی مدت میں فراہم کیے جائیں گے، اور یہ فی ہفتہ 15 گھنٹوں کے مساوی ہے۔ سال کے زیادہ ہفتوں کے دوران فی ہفتہ اس سے کم گھنٹے لے کر اس استحقاق کو 38 گھنٹوں سے زیادہ مدت میں پھیلایا جا سکتا ہے۔ براہ کرم اس بابت معلومات کے لیے اپنے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ (Early Years Provider) سے رابطہ کریں کہ وہ فنڈ کردہ استحقاق کس طرح فراہم کرتے ہیں۔

## میرا بچہ کب مستحق ہوگا؟

عموماً بچے اپنے دوسرے برتھ ڈے کے بعد والی اسکول ٹرم کی شروعات سے 2Help کے ذریعہ فنڈ کردہ کوئی استحقاق حاصل کرتے ہیں۔

| درج ذیل مدت کے درمیان پیدا ہونے والے بچے | فنڈ کردہ نشستیں درج ذیل تاریخوں سے شروع ہوتی ہیں |
|---|---|
| 1 جنوری اور 31 مارچ | ان کے دوسرے برتھ ڈے کے بعد گرمی کی ٹرم (Summer Term) کی شروعات (1 اپریل کو یا اس کے بعد) |
| 1 اپریل اور 31 اگست | ان کے دوسرے برتھ ڈے کے بعد خزاں کی ٹرم (Autumn Term) کی شروعات (1 ستمبر کو یا اس کے بعد) |
| 1 ستمبر اور 31 دسمبر | ان کے دوسرے برتھ ڈے کے بعد بہار کی ٹرم (Spring Term) کی شروعات (1 جنوری کو یا اس کے بعد) |

## درخواست دینے کا طریقہ:

آپ آن لائن www.warwickshire.gov.uk/childcarecosts پر یاQR کوڈ کا استعمال کر کے درخواست دے سکتے/ سکتی ہیں:

- اہلیت کے لیے آپ کی درخواست کی جانچ سرکار کے اہلیت کی جانچ کے نظام (Government's Eligibility Checking System, ECS) کی مدد سے کی جاتی ہے
- اگر آپ اہل قرار پاتے ہیں تو فنڈ کی توثیق کا ایک خط، جس میں آپ کے EY واؤچر کوڈ (Voucher Code) کی تفصیلات ہوں گی ایک فنڈ کردہ نشست کی تصدیق کے لیے آپ کو ای میل یا بذریعہ ڈاک ارسال کر دیا جائے گا
- آپ کو آپ کے علاقے میں چائلڈ کیئر مراکز کی بھی ایک فہرست بھیج دی جائے گی جو 2Help کی فنڈ یافتہ نشستیں فراہم کرتے ہیں۔
- آپ کو اپنا پسندیدہ مرکز اور فنڈنگ کی تصدیق کا اپنا خط دکھانا ہوگا نیز انہیں اپنا EY واؤچر کوڈ دینا ہوگا۔
- اگر آپ کی اہلیت کی تصدیق ممکن نہیں ہو پاتی ہے تو آپ سے تائیدی دلائل فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔

## میں 2HELP کی طرف سے فنڈ کردہ استحقاق کا دعوی کیسے کروں؟

2Help کے فنڈز راست طور پر ابتدائی سالوں کے اس فراہم کنندہ کو فراہم کیے جاتے ہیں جہاں آپ کا بچہ جاتا ہے۔

وہ لوگ ان کے یہاں آپ کے پیرنٹ/ کیئرر/ گارجین ڈکلیریشن فارم (PDF) مکمل کرنے کے بعد آپ کی طرف سے فنڈنگ کا دعوی کریں گے۔

## استحقاقات:

اگر آپ اور آپ کی پارٹنر (اگر آپ کے پاس ہے) ملازمت کر رہے ہیں اور آپ کے پاس درست کام کاجی پیرنٹ کی اہلیت کا کوڈ ہے (صفحہ 1 ملاحظہ کریں)، آپ کام کاجی پیرنٹ کے استحقاق (Working Parent entitlement) کے تحت کسی اضافی 15 گھنٹوں کے لیے بھی اہل ہو سکتے ہیں تاکہ مجموعی استحقاق کو زیادہ سے زیادہ 30 گھنٹوں تک لے جائیں۔



Warwickshire County Council

# جملہ خاندانوں کے لیے یونیورسل استحقاق

3 تا 4 سال کی عمر کے بچوں کے لیے
- فی ہفتہ 15 گھنٹوں تک
- سال میں 38 گھنٹے

تمام بچے اپنے تیسرے برتھ ڈے کے بعد والی ٹرم سے اسکول کی قانونی عمر کو پہنچنے تک یا اسکول کے ریسپشن کلاس شروع کرنے تک ، جو بھی پہلے ہو، 15 گھنٹوں کا یونیورسل استحقاق حاصل کر سکتے ہیں۔

## استحقاق

یونیورسل کی طرف سے فنڈ کردہ استحقاق سال کے کم از کم 38 ہفتوں پر محیط سالانہ فراہم کیے جانے والے زیادہ سے زیادہ 570 گھنٹے ہیں، جو کہ 15 گھنٹہ فی ہفتہ کے مساوی ہے۔ سال کے زیادہ ہفتوں پر محیط فی ہفتہ کچھ کم گھنٹے لے کر اس استحقاق کو 38 ہفتوں سے زیادہ پھیلایا جا سکتا ہے۔ وہ فنڈ کردہ استحقاق کس طرح فراہم کرتے ہیں اس بابت معلومات کے لیے براہ کرم اپنے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ (Early Years Provider) سے رابطہ کریں۔

## میرا بچہ کب اہل ہوگا؟

سبھی بچے اپنے تیسرے برتھ ڈے کے بعد سے خود کار طریقے سے یونیورسل استحقاق کے تحت 15 گھنٹوں کے اہل ہوتے ہیں۔ اہلیت کے لیے درخواست کی کوئی کارروائی نہیں ہے۔

| مندرجہ ذیل تاریخوں کے درمیان پیدا ہونے والے بچے | مفت نشستیں مندرجہ ذیل تاریخوں سے شروع ہوتی ہیں |
|---|---|
| 1 جنوری اور 31 مارچ | ان کے تیسرے برتھ ڈے کے بعد گرمی کی ٹرم (Summer Term) کی شروعات (1 اپریل کو یا اس کے بعد) |
| 1 اپریل اور 31 اگست | ان کے تیسرے برتھ ڈے کے بعد خزاں کی ٹرم (Autumn Term) کی شروعات (1 ستمبر کو یا اس کے بعد) |
| 1 ستمبر اور 31 دسمبر | ان کے تیسرے برتھ ڈے کے بعد بہار کی ٹرم (Spring Term) کی شروعات (1 جنوری کو یا اس کے بعد) |

## درخواست کس طرح دیں؟

درخواست دینے یا کسی کوڈ کی بالکل ضرورت نہیں۔

## میں یونیورسل کے استحقاق کا دعوی کس طرح کروں؟

ابتدائی سالوں کے استحقاق (Early Years Entitlement) کے فنڈز راست اس ابتدائی سالوں کے اس فراہم کنندہ (Early Years Provider)کو ادا کی جاتی ہے جہاں آپ کا بچہ جاتا ہے۔ وہ لوگ آپ کے ان کے یہاں پیرنٹ/کیئرر/گارجین ڈکلیریشن فارم (Parent/Carer/Guardian Declaration Form) (PDF) پر کرنے کے بعد فنڈز کا دعوی پیش کریں گے۔

## استحقاق کو ضم کرنا

اگر آپ اور آپ کی پارٹنر (اگر آپ کے پاس ہے) ملازمت کر رہے ہیں اور آپ کے پاس ایک درست کام کاجی پیرنٹ کی اہلیت کا کوڈ ہے (صفحہ 1 دیکھیں) تو آپ کا بچہ یونیورسل استحقاق کے تحت 15 گھنٹوں تک نیز کام کاجی پیرنٹ (Working Parent) کے استحقاق کے تحت مزید 15 گھنٹے حاصل کرے گا، اس طرح مجموعی استحقاق زیادہ سے زیادہ 30 گھنٹے کا ہوگا۔





Warwickshire County Council

# اضافی استحقاقات

## ابتدائی سالوں کا پیوپل پریمیم

ابتدائی سالوں کا پیوپل پریمیم (Early Years Pupil Premium, EYPP) ایک اضافی فنڈنگ ہے جس کا ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان ایسے بچوں کے لیے دعوی کر سکتے ہیں جن کے والدین کوئی اہلیتی بینیفٹ یا کریڈٹ موصول کرتے ہوں یا دیگر اہلیتی شرائط پوری کرتے ہوں۔ ان فنڈ کردہ گھنٹوں کی بنیاد پر جن کا دعوی کیا گیا ہے ہر ایک ٹرم کے لیے ان فراہم کنندگان کو ادائیگی کی جاتی ہے جن کے پاس ایسے بچے ہوں جو استحقاقات حاصل کر رہے ہیں اور اہلیتی شرائط پوری کر رہے ہیں جس کی زیادہ سے زیادہ مدت 570 گھنٹوں تک ہے۔ جب بچے 30 گھنٹوں کے لیے اہل ہوں تو EYPP پہلے 15 گھنٹوں پر ادا کیا جائے گا جس کی کل حد سال میں 570 گھنٹوں تک ہوگی۔

EYPP ایسے اہل بچوں کے لیے ابتدائی تعلیم کے معیار میں تعاون کرتا ہے جو کہ ابتدائی سالوں کے استحقاقات موصول کر رہے ہیں۔ ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان اس اضافی فنڈ کو اہل بچوں کے تعلیمی نتائج کو بہتر کرنے ےکے لیے استعمال کر سکتے ہیں اور اس کو بہت ساری چیزوں پر خرچ کر سکتے ہیں جیسے سرگرمیاں، اسٹاف ٹریننگ اور وسائل۔

کوئی بچہ ابتدائی سالوں کے پیوپل پریمیم کے لیے اہل ہوگا اگر اس کے والدین مندرجہ ذیل کوئی بینیفٹ یا کریڈٹ موصول کر رہے ہوں:

- انکم سپورٹ
- آمدنی پر مبنی ملازمت تلاش کرنے والوں کا الاؤنس (Jobseekers Allowance)
- آمدنی سے وابستہ ملازمت اور معاونت الاؤنس (Employment and Support Allowance)
- امیگریشن اور اسائلم ایکٹ (Immigration and Asylum Act) 1999 کے جزء 4 کے تحت سپورٹ
- ریاستی پنشن کریڈٹ کا ضمانتی عنصر
- سالانہ گھرانے کی کل آمدنی کے ساتھ یونیورسل کریڈٹ (Universal Credit) جو £7,400 کے مساوی ہو اور اس سے متجاوز نہ ہو اور جس کا تخمینہ حالیہ ترین تین یونیورسل کریڈٹ کے تخمینہ کی مدتوں کے اندر اندر لگایا گیا ہو۔

### یا بچے:

- کی دیکھ بھال مقامی اتھارٹی نے کم از کم ایک دن کے لیے کی ہو
- اس کو کیئر سے ایڈاپٹ کیا گیا ہو
- اس نے خصوصی سرپرستی کے تحت کیئر چھوڑ دیا ہو
- بچے کے انتظامات کا کوئی حکمنامہ

## دعوی کرنے کا طریقہ

ابتدائی سالوں کا پیوپل پریمیم (Early Years Pupil Premium, EYPP) کا دعوی پیش کرنے کے لیے آپ کو لازماً پیرنٹ/کیئرر/گارجین ڈکلیریشن فارم (Parent/Carer/Guardian Declaration Form) (PDF) میں EYPP کی درخواست کا حصّہ مکمل کرنا چاہیے جو کہ آپ کو آپ کے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ نے فراہم کیا ہے۔

## معذوری رسائی فنڈ

معذوری رسائی فنڈ (Disability Access Fund, DAF) ابتدائی سالوں کے استحقاقات تک اہل معذور بچوں کی رسائی میں تعاون کرتا ہے اور اس کا دعوی ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان (Early Years Providers) کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے جہاں بچے اہلیتی معیار کو پورا کرتے ہیں۔

DAF کا استعمال ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان کی اپنے مراکز میں معقول موافقت پذیریوں اور/یا تعمیری صلاحیت کے سلسلہ میں مدد کے لیے کیا جا سکتا ہے، خواہ وہ متعلقہ بچے کے لیے ہو یا مرکز میں آنے والے سبھی بچوں کے فائدے کے لیے ہو۔ ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان DAF فنڈنگ کا استعمال اسٹاف ٹریننگ، وسائل اور انفرادی بچے کی ضروریات میں مدد کے لیے موافقت پذیریوں کے لیے کر سکتے ہیں۔

معذوری رسائی فنڈ (Disability Access Fund, DAF) کے لیے بچے اہل ہو سکتے ہیں اگر وہ درج ذیل شرائط پوری کرتے ہوں:

- بچہ معذوری کے ساتھ زندگی گزارنے کا الاؤنس (Disability Living Allowance, DLA) موصول کر رہا ہو

اور

- بچہ ابتدائی سالوں کے استحقاق (Early Years Entitlement ) کا فنڈ موصول کر رہا ہو

## دعوی کرنے کا طریقہ

معذوری رسائی فنڈ (Disability Access Fund, DAF) کا دعوی پیش کرنے کے لیے آپ کے لیے آپ کو اپنے فراہم کنندہ کے ذریعہ دیے گئے پیرنٹ/کیئرر/گارجین ڈکلیریشن فارم ( Parent/Carer/Guardian Declaration Form) (PDF) میں DAF کی درخواست کا حصّہ کلی طور پر مکمل کرنا لازمی ہوگا۔



# ابتدائی سالوں کے استحقاقات – اکثر پوچھے گئے سوالات

## میرا بچہ کس جگہ پر کوئی نشست حاصل کر سکتا ہے؟

آپ کا بچہ کسی ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ کے یہاں اپنے ابتدائی سالوں کی تعلیم کے لیے نشست حاصل کر سکتا ہے، جیسے:

- پورے دن دیکھ بھال کی نرسریاں
- پری اسکولز
- پلے گروپس
- بچوں کے نگراں
- نرسری اسکولز اور کلاسز

ان ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ یا تو Ofsted کے یہاں رجسٹرڈ ہوں یا کوئی چائلڈ مائنڈر ایجنسی (Childminder Agency) ہوں۔یہ لوگ راست طور پر واروک شائر کاؤنٹی کونسل (Warwickshire County Council) کی طرف سے آپ کے بچے کی نشست کے لیے فنڈنگ کا دعوی کرنے کے ذمہ دار ہیں اور ایسا کرنے کے لیے ان کا رجسٹرڈ ہونا لازمی ہے۔

## چارجز:

ابتدائی سالوں کے استحقاقات کا مقصد 15 یا 30 گھنٹے مفت، اعلی معیاری، لچک پذیر ابتدائی تعلیم اور دیکھ بھال فراہم کرنا ہے۔ یہ 15 یا 30 گھنٹے لازماً والدین کو مفت حاصل ہونے چاہئیں؛ یعنی مفت گھنٹوں کے تعلق سے والدین کے لیے کوئی لازمی چارجز ہر گز نہیں ہونے چاہئیں۔

ابتدائی سالوں کے استحقاقات کے فنڈز کا مقصد کھانوں، دیگر استعمال کی جانے والی چیزوں، اضافی گھنٹوں یا اضافی خدمات کی لاگتوں کا احاطہ کرنا نہیں ہے۔ فراہم کنندگان قابل استعمال اشیاء، کھانوں اور اسنیکس، اضافی سرگرمیوں اور فراہم کردہ اضافی گھنٹوں کے لیے رقم وصول کر سکتا ہے جو کہ لازمی چارجز یا کوئی نشست پانے کی کوئی شرط نہیں ہیں۔

چارج کے قابل اضافی چیزوں کی لاگتیں فراہم کنندہ کی ویب سائٹوں پر نشر ہونی چاہئیں یا اگر ان کے پاس ویب سائٹ نہ ہو تو انہیں لوکل اتھارٹی کی خاندانی معلومات کی خدمات کی ویب سائٹوں پر ہونی چاہئیں۔ انہیں واضح، تازہ ترین اور والدین کے لیے بآسانی قابل رسائی ہونا چاہیے تاکہ والدین فراہم کنندہ کے سلسلہ میں کوئی باخبر فیصلہ کر سکیں۔

## کیا میں ابتدائی سالوں کے استحقاق کا دعوی ایک سے زیادہ ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ کے یہاں کر سکتا/سکتی ہوں؟:

ہاں، ایک دن میں زیادہ سے زیادہ 2 سائٹوں تک۔

## کیا میں مراکز تبدیل کر سکتا/سکتی ہوں؟

فنڈنگ عموماً تعداد شماری والے دن (Headcount Day) اس فراہم کنندہ کو مکمل ٹرم کے لیے ادا کر دی جاتی ہے جس کے یہاں بچہ جاتا ہے۔ اگر آپ کا بچہ تعداد شماری والے دن سے پہلے یا بعد میں کہیں اور منتقل ہوتا ہے تو آپ کو اپنے ابتدائی سالوں کے فراہم کنندہ سے بات کرنے کی ضرورت ہوگی تاکہ معلوم کر سکیں کہ آیا وہ لوگ دوسرے فراہم کنندہ کے ساتھ دعوے کی رقم شیئر کرنے کے لیے تیار ہیں۔




## رابطے اور مزید معلومات:

واروک شائر میں ابتدائی سالوں کے فراہم کنندگان کے بارے میں مزید معلومات یا اپنے علاقے میں ابتدائی سالوں کے کسی فراہم کنندہ کے یہاں کوئی نشست تلاش کرنے میں مدد کے لیے، براہ کرم فیملی انفارمیشن سروس (Family Information Service) سے 0800 408 1558 یا
fis@warwickshire.gov.ukیا www.warwickshire.gov.uk/fis پر رابطہ کریں۔
کام کاجی والدین کے حقوق کے لیے اہلیت اور آن لائن درخواست سے متعلق استفسارات کے لیے براہ کرم HMRC کے گاہک رابطہ مرکز (HMRC's Customer Interaction Centre) سے 0300 123 4097 یا www.beststartinlife.gov.uk پر رابطہ کریں۔

2Help کی فنڈنگ سے متعلق استفسارات کے لیے براہ کرم ابتدائی سالوں کے استحقاق سے متعلق ٹیم (Early Years Entitlements Team) سے 01926 742218، 2help@warwickshire.gov.uk یا www.warwickshire.gov.uk/childcarecosts پر رابطہ کریں۔

عام فنڈنگ سے متعلق استفسارات کے لیے براہ کرم ابتدائی سالوں کے حقوق سے متعلق ٹیم (Early Years Entitlements Team) سے 01926 742233، eyfunding@warwickshire.gov.uk یا www.warwickshire.gov.uk/childcarecosts پر رابطہ کریں۔

نگہداشت طفل کی لاگتوں سے متعلق تمام سرکاری امداد کے بارے میں معلومات کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں: www.beststartinlife.gov.uk





کیا آپ بچوں کے ساتھ کام کرنا پسند کریں گے/گی؟
تسلّی بخش کیریر
لچک پذیر گھنٹے
گھر سے کام
بچوں کے نگراں بنیں
اگر آپ بچوں کے ساتھ کام کرنا پسند کرتے/کرتی ہیں اور آپ کے پاس ایک ایسا گھر ہے جو کہ بچوں کے لیے مناسب ہو تو ہم آپ کا جواب سننا چاہتے ہیں۔
Childminders
اب ایسی جگہوں سے بھی کام کر سکتے ہیں جو کہ ان کا خود کا گھر نہیں ہے۔
مزید معلومات www.warwickshire.gov.uk/childcare/become-childminder پر حاصل کریں بشمول فراہم کیے جانے والے تعاون اور ابتدائی سالوں کے استحقاق کی فنڈنگ کی پیشکش کے لیے سائن اپ کرنے کے طریقہ۔
WARWICKSHIRE
Warwickshire
کاؤنٹی کونسل

اپڈیٹ کیا گیا اکتوبر 2025